© rasailojaraid.com



**قرآنی شعیں** | تالیف مولانا حکیم محمد صادق صاحب سیالکوٹی فاضل السنہ شرقیہ
سائز کتابی۔ صفحات ۳۳۴۔ کتابت و طباعت بہتر قیمت غیر مجلد ۲/۵۰

ناشر :- دائرۃ التبلیغ پورہ ہیران سیالکوٹ شہر (مغربی پاکستان)

مولانا حکیم محمد صادق صاحب سیالکوٹی اہل توحید حلقوں میں جانے پہچانے ہیں تعارف سے مستغنی اور بجذبہ صادق سے توحید و سنت کی تبلیغ میں انہماک رکھنے والے ہیں۔ آپ اس سلسلہ میں متعدد کتابیں لکھ چکے ہیں۔ قرآنی شعیں اس سلسلۃ الذہب کی ایک سنہری کڑی ہے جس میں تریسٹھ پونے تین سو عنوانوں کے تحت توحید خالص کی طرف دعوت دی گئی ہے اور شرک و بدعات کی دلدل سے ناواقف مسلمانوں کو نکالنے کی سعی فرمائی گئی ہے۔

استدلال تمام تر ظاہر قرآن و حدیث سے ہے۔ حسب ضرورت فقہ حنفیہ وغیرہ سے بھی تائید حاصل کی گئی ہے۔ انداز تحریر سادہ عام فہم اور دلنشین ہے۔ حسب موقع اشعار لانے سے دلچسپی میں اضافہ ہوگیا ہے۔ یہ کتاب ہر پڑھے لکھے مرد اور عورت کے مطالعے کے قابل ہے کیونکہ عقیدۂ توحید میں شرک کی آمیزش ہو یا سنت کے ساتھ بدعت مل جائے تو ایمان ہی خطرے میں پڑ جاتا ہے۔ مگر افسوس ہے کہ مسلمانوں کی اکثریت شرک و بدعت میں گرفتار اور اصلاح سے غافل ہے پھر کچھ لوگ بیدار بھی ہیں وہ تبلیغ توحید میں سست واقع ہوئے ہیں۔ حکیم محمد صادق صاحب ان خوش قسمت لوگوں میں سے ہیں جن کو اللہ تعالےٰ نے اس کٹھن راہ میں جہاد کی توفیق بخشی ہے۔ گو ان کی تالیفات کے سب مشمولات سے اتفاق ضروری نہیں تاہم ان کی افادیت و اہمیت سے انکار مشکل ہے۔

(ع۔ ح)

# معذرت

بعض ناگہانی ناگزیر وجوہ کی بنا پر اگست کا شمارہ قارئین رحیق کو بروقت پیش نہیں کیا جا سکا جس کا ادارہ کو افسوس ہے۔ تاخیر ہوگئی تو پھر مناسب معلوم ہوا کہ دو شمارے اکٹھے کر دیئے جائیں۔

امید ہے خوانندگان محترم معذرت قبول فرمائیں گے۔ والمعذرۃ عند کرام الناس مقبول۔

© rasailojaraid.com